# The Cure for ar-Riyaah

# [Showing Off]

A series of three articles from three of the main scholars of the Muslim Ummah of the current times.

- **How to keep away from ar-Riyyah – By Shaykh Muhammad Nasiruddeen Al-Albaani**
- **How to free yourself from ar-Riyyah for the one who falls into it unintentionally - By Shaykh AbdulAziz bin Baz**
- **Ar-Riyyah in Worship – By Shaykh Muhammad bin Salih al-Uthaymeen**

May Allaah the Al-Mighty have mercy upon all the people of knowledge of the past, present and future.

Translated & Compiled

By

Abbas Abu Yahya

# How to keep away from ar-Riyyah

By

Shaykh Muhammad Nasiruddeen Al-Albaani

Questioner: A person fears that he will be affected by ar-Riyyah whilst he does not realise, for example he gets on the bus and sits there memorising the Qur'aan, and all the people look at him and think that he is showing off. The question is how to keep completely away from ar-Riyyah?

Shaykh: Firstly, is ar-Riyyah an action of the body or an action of the heart?

Questioner: It is acknowledgement with the heart.

Shaykh: Then it is an action of the heart?

Questioner: Yes.

Shaykh: Therefore, who is the one who can change this heart? He whose heart it is! Therefore, treatment is done by you and yourself, and your Lord knows everything, like Allaah said in the Noble Qur’aan:

<< السر وأخفى>>

<< He knows the secret and that which is yet more hidden>>

Therefore, the one who reads the Qur'aan in front of a group of people and this is not the first form or the only form which it is possible for a Muslim to imagine where ar-Riyyah can occur. This type of matter can occur in all our matters in the Sharia. I say to you now, me and you are exposed to ar-Riyyah, can anyone deny this?

Questioner: They cannot.

Shaykh: Therefore, how can we cure this? We fear Allaah and have Taqwa (piety) of Him, we have sincerity in our deeds for the sake of Allaah Azza wa Jal, then it does not concern

us that the people are looking at us and think that we are reading Qur'aan for ar-Riyyah, or that we study for ar-Riyyah, we are not concerned what the people think.'

[Taken from Silsilah al-Huda wa Noor no. 1023]

**How to free yourself from ar-Riyyah for the one who falls into it unintentionally**

By

Shaykh AbdulAziz bin Baz

Question:

I am a twenty-five-year-old youngster. I am religious and fulfil my religious obligations and praise belongs to Allaah, except that I feel as if I incline to ar-Riyyah and for my deeds to be heard about, regarding my good deeds like prayer and other deeds, and this – I swear by Allaah – is unintentional. I earnestly ask Allaah with Dua to end this trial from me, but it has been of no avail.

My question is, am I regarded as a Mushrik to Allaah? Am I regarded as a person intentionally showing off with his actions? Or will Allaah not take me to task because it was

unintentional? I hope for an answer to my two questions and to show me what will end this trial for me? May Allaah reward you with goodness.'

Shaykh Bin Baz answered:

'There is no doubt that ar-Riyyah is an evil, it is Shirk and from the actions of the hypocrites, therefore, it is obligatory upon you to be careful of it and to exert yourself until you are free from it. This is along with asking Allaah and earnestly supplicating to Him to pardon you from ar-Riyyah.

Do not give up hope, in fact be continuous in making Dua and earnestly supplicating to Allaah to give you success and guide you until you leave ar-Riyyah. Strive with yourself, have patience and endurance in this until Allaah pardons you from this. Ar-Riyyah is from the characteristics of the people who have hypocrisy, like Allaah Ta’ala said:

إِنَّ الْمُنَافِقِينَ يُخَادِعُونَ اللَّهَ وَهُوَ خَادِعُهُمْ وَإِذَا قَامُوا إِلَى الصَّلاةِ
قَامُوا كُسَالَى يُرَاءُونَ النَّاسَ وَلا يَذْكُرُونَ اللَّهَ إِلَّا قَلِيلًا

<< Verily, the hypocrites seek to deceive Allaah, but it is He Who deceives them. And when they stand up for *As-Salat* (the prayer),

they stand with laziness and to be seen of men, and they do not remember Allaah but little. >> [Nisa: 142]

The Prophet *-sallAllaahu alayhi wa sallam* – said:

قال الله تبارك وتعالى أنا أغنى الشركاء عن الشرك من عمل عملا أشرك فيه معي غيري تركته وشركه

'Allaah Tabarak wa Ta'ala said I am the One who is most free from being associated with Shirk whoever did a deed and associated with Me someone else, then I have left him and what he associated with Me.'

The Prophet -alayhi as-Salat wa Salam- also said:

"ألا أخبِرُكم بما هو أخوفُ عليكم عندي من المسيحِ الدجالِ؟ "

> 'Shall I not inform you of that which I know to be more fearful than the al-Masseeh ad-Dajjal?'

We said: Of course, O Messenger of Allaah.'

The Messenger said:

"الشركُ الخفيُّ؛ أن يقومَ الرجلُ فيصلِّي، فَيُزَيِّنُ صلاتَه لما يرى من نظرِ رجلٍ".

‘The hidden Shirk; that a man stands and prays, and he beautifies his prayer when he sees a person looking at him.’

So, you should strive and then receive glad tidings of goodness. Whoever strives is aided by Allaah. Allaah Subhanahu says:

وَالَّذِينَ جَاهَدُوا فِينَا لَنَهْدِيَنَّهُمْ سُبُلَنَا وَإِنَّ اللَّهَ لَمَعَ الْمُحْسِنِينَ

<< As for those who strive hard in Us (Our Cause), We will surely guide them to Our Paths (i.e. Allaah's Religion - Islaamic Monotheism). And verily, Allaah is with the *Muhsinûn* (good doers)." >> [Ankaboot: 69]

Therefore, if you strive on this path then receive glad tidings of goodness. Allaah will aid you and guide you to the straight path, do not give up hope and do not have despair. Have endurance and be more patient, and ask your Lord for aid and receive goodness which Allaah has promised the truthful and patient.

This is lesser Shirk and not major Shirk, rather it is from the lesser Shirk like the Messenger -alayhi as-Salat wa salam- said while addressing the Companions:

‘What I fear most for you is Shirk al-Asghar.’

When he was asked about it, he said:

'ar-Riyyah.'

Indeed, what has afflicted you has also afflicted others, so it is upon you to have patience and ask Allaah for goodness, and it is not from Shirk al-Akbar (major shirk) which negates all deeds, however, it is from lesser shirk and it negates the deeds which are equivalent to it.

For example, if you stand to pray with ar-Riyyah then this prayer which you prayed with ar-Riyyah is negated. If you gave charity with ar-Riyyah then the reward for the charity

is cancelled out, if you said SubhanAllaah or remembered Allaah with ar-Riyyah or read the Qur'aan with ar-Riyyah then you have no reward, but in fact there it is sinful.

If you strove against yourself in leaving ar-Riyyah and warning against it then Allaah will aid you and give you ease in your matter.

Allaah says:

وَمَنْ يَتَّقِ اللَّهَ يَجْعَلْ لَهُ مَخْرَجًا

<<Whoever fears Allaah, then Allaah will make a way out for him>> [Talaq: 2]

And Allaah Subhanahu says:

مَنْ يَتَّقِ اللَّهَ يَجْعَلْ لَهُ مِنْ أَمْرِهِ يُسْرًا

<< and whosoever fears Allah and keeps his duty to Him, He will make his matter easy for him. >> [Talaq: 4]

Then receive good news of goodness, be patient and strive for patience, and Allaah will aid you.'

[Taken from https://tinyurl.com/2p8dze6n ]

## Ar-Riyyah in Worship

By

Shaykh Muhammad bin Salih al-Uthaymeen

Question:

Is a person rewarded for deeds which have ar-Riyyah, but then the intention changes during the deed so it is definitely for the sake of Allaah? For example, I finish reciting the Qur'aan and ar-Riyyah enters but if I rectify this thought with thinking about Allaah, do I gain reward for this recitation or is it lost due to the reason of ar-Riyyah? What if ar-Riyyah enters after ending the deed?

The Answer:

There are three ways in which ar-Riyyah links to worship:

**The first way:** that when a person goes to perform a worship for showing off to the people from the outset of the deed. Like the one who stands to pray showing off to the people, for the sake of the people's praise for his prayer, and this invalidates the worship.

**The second way:** that a person mixes ar-Riyyah with his worship during perform his worship. This means, that he has Ikhlaas (sincerity) for Allaah in the beginning of the worship then ar-Riyyah befalls him during the act of worship, then this act of worship is not without two situations:

*The first situation:* That the first part of the act of worship is not connected to the last part of that worship, so the first part is correct in all circumstances and the latter part is invalid.

An example of that: A man has a hundred Riyals which he wants to give in charity, he gives fifty Riyals of it in charity sincerely, then ar-Riyyah befalls him in the remaining fifty, so the first charity is correct and accepted. As for the fifty remaining for charity then that is invalid

because of the mix of the ar-Riyyah with Ikhlaas.

*The second situation:* that the first part of the act of worship is connected to the last part of it: then this person at this point is not without two situations:

- The first matter: that he pushes away the Riyyah and is not settled with it, in fact he opposes it and hates it, then here the Riyyah does not affect him at all. This is due to the saying of the Prophet - -:

إن الله تجاوز عن أمتي ما حدَّثت به أنفسها ما لم تعمل أو تتكلم

'Indeed, Allaah pardons from my Ummah what it thinks to its self as long as they do not act upon it or speak of it.'

- The second matter: that a person is calm with this Riyyah and does not repel it, then here all the worship is invalid because the first of it is connected to the last of it.

An example of that is, that a person begins the prayer sincerely for Allaah Ta'ala, then ar-Riyyah befalls him in the

second Rakah, here the whole of that prayer is invalid due to the first part of the prayer being connected to the last of it.

**The third way:** that ar-Riyyah befalls after completing the prayer. Here ar-Riyyah does not affect that worship of prayer nor does it invalidate it, because it was completed correctly and therefore, that worship does not become corrupt due to the occurrence of ar-Riyyah after it is completed.

Also, it is not ar-Riyyah when a person is happy when he finds out that the people

know about his worship, because this occurred after he had finished from the worship.

It is not from ar-Riyyah that a person is delighted with performing an act of obedience because this is actually proof of his Eemaan, the Prophet *-sallAllaahu alayhi wa sallam* – said:

مَن سرَّته حسنته وساءته سيئته فذلك المؤمن

'The believer is the one who is delighted by his good deeds and is saddened by his bad deeds.'

The Prophet *-sallAllaahu alayhi wa sallam* – was asked about that, and he answered:

تلك عاجل بشرى المؤمن

'It is glad tidings for a believer (which he has received in this world).'

[Majmoo Fatawa ash-Shaykh Ibn Uthaymeen 2/29-30]

**Arabic Reference**

**الشيخ الألباني كيف يجتنب الإنسان الرياء**

سلسلة الهدى والنور-١٠٢٣

السائل : شيخ، الرياء .الشيخ : الرياء .

السائل : يعني هناك مثلا أحداث تحدث مع الشخص نفسه مرات تتشكك يعني يخاف أنه يدركه الرياء وهو لا يشعر مثلا ركبت في باص مواصلات تجد شخص يمسك قرآن يحفظ مثلا هو يجلس مثلا يقرأ قد يكون الكل ينظر له هذا يرائي الناس هذا يقرأ بالقرآن يعني كيف الواحد شو يكون الجواب فيه دقة كيف الواحد يتجنّب الرياء تماما يدرك أنه لم يدخل في باب الرياء جزاك الله خيرا؟

الشيخ : أولا الرياء هو عمل بدني وإلا عمل قلبي؟

السائل : هو إدراك في القلب .

الشيخ : هو عمل قلبي إذًا؟

السائل : نعم .

الشيخ : فإذا من الذي يتصرف في القلب؟ هو صاحب هذا القلب المعالجة تكون منك وفيك فربك يعلم كما قال في القرآن الكريم السر وأخفى فهذا الذي يقرأ القرآن في حضرة جماعة ليست هي الصّورة الأولى أو الوحيدة التي يمكن أن يتّصور المسلم أن يطرأ عليه الرياء هذه ممكن أن تتكرر هذه الصورة في كل منطلقاتنا الشرعية وأنا أقول لك الآن أنا وأنتم معرضون للرياء هل يستطيع أحد أن يقول لا؟

السائل : لا يستطيع .

الشيخ : إذا كيف نعالج ذلك؟ نخشى الله نتقي الله نخلص في أعمالنا لله عز وجل ثم لا يهمنا الناس ينظرون إلينا ويتصورون أننا نقرأ من أجل الرياء نعلم من أجل الرياء ما يهمنا الناس حتى أحد العلماء المتخصّصين من القدامى فيما يسمى اليوم بعلم

السّلوك يعني الأخلاق والتربية ونحو ذلك أن من الرياء أن تترك العبادة خشية الرياء واضح؟

https://www.youtube.com/watch?v=9YdF8HhOzfY

## كيفية التخلص من الرياء لمن يقع فيه بغير إرادته

**السؤال:**

المستمع (ع. ش) من الرياض بعث يقول: أنا شاب في الخامسة والعشرين من عمري، وأنا مستقيم ومؤدٍ لواجباتي الدينية والحمد لله، إلا أنني أشعر بأنني أميل للرياء والسمعة في أعمالي كالصلاة وغيرها من الأعمال، وهذا والله رغمًا عني، وأنا ألح على الله بالدعاء

أن يخلصني من هذا البلاء، ولكن دون جدوى.

سؤالي: هل أعتبر مشركًا بالله؟ وهل أعتبر كمن يرائي بأعماله عامدًا متعمدًا؟ أم أن الله لا يؤاخذني؛ حيث أن ذلك بغير إرادتي؟ أرجو الإجابة على سؤالي هذا، وأن تدلوني على ما يخلصني من هذه البلوى؟ وجزاكم الله خيرًا.

---

**الجواب:**

لا شك أن الرياء منكر وشرك ومن أعمال المنافقين، فالواجب عليك الحذر منه وجهاد نفسك حتى تتخلص منه، مع سؤال الله I والضراعة إليه أن يعافيك من ذلك، ولا تيأس بل استمر في الدعاء والضراعة إلى الله في أن يوفقك وأن يهديك حتى تدعه، وجاهد نفسك واصبر وصابر في ذلك حتى يعافيك الله من ذلك، وهو من خلق أهل النفاق كما قال تعالى :إِنَّ الْمُنَافِقِينَ يُخَادِعُونَ اللَّهَ وَهُوَ خَادِعُهُمْ وَإِذَا قَامُوا إِلَى الصَّلاةِ قَامُوا كُسَالَى يُرَاءُونَ النَّاسَ وَلا يَذْكُرُونَ اللَّهَ إِلَّا قَلِيلًا ]النساء:١٤٢.[

ويقول النبي ﷺ :يقول الله Y: أنا أغنى الشركاء عن الشرك من عمل عملًا أشرك معي فيه غيري تركته وشركه

ويقول أيضًا عليه الصلاة والسلام :ألا أخبركم بما هو أخوف عليكم عندي من المسيح الدجال؟ قلنا: بلى يا رسول الله! قال :الشرك الخفي، يقوم الرجل فيصلي فيزين صلاته لما يرى من نظر رجل إليه

فأنت جاهد نفسك وأبشر بالخير، ومن جاهد أعانه الله يقول سبحانه :وَالَّذِينَ جَاهَدُوا فِينَا لَنَهْدِيَنَّهُمْ سُبُلَنَا وَإِنَّ اللَّهَ لَمَعَ الْمُحْسِنِينَ ]العنكبوت:٦٩.[

فإذا جاهدت نفسك في هذا السبيل فأبشر بالخير، والله سوف يعينك ويهديك السبيل القويم، ولا تيأس ولا تقنط، اصبر وصابر واسأل ربك العون وأبشر بالخير الذي وعد الله به الصادقين والصابرين.

وهذا شرك أصغر وليس بشرك أكبر، بل هو من الشرك الأصغر كما قال عليه الصلاة والسلام يخاطب الصحابة :أخوف ما أخاف عليكم الشرك الأصغر فسئل عنه، فقال :الرياء

فهو قد أصاب غيرك كما أصابك فعليك بالصبر وسؤال الله العافية، وهو ليس من الشرك الأكبر الذي يحبط الأعمال لا، ولكنه شرك أصغر يحبط العمل الذي قارنه العمل الذي قارنه يحبطه، فإذا قمت تصلي صلاة للرياء بطلت هذه الصلاة التي فعلتها للرياء، وإذا تصدقت للرياء بطل ثوابها وإذا سبحت أو ذكرت الله للرياء أو قرأت القرآن للرياء ما لك ثواب، بل عليك إثم، وإذا جاهدت نفسك في تركه والحذر منه أعانك الله ويسر أمرك وَمَنْ يَتَّقِ اللَّهَ يَجْعَلْ لَهُ مَخْرَجًا [الطلاق:٢] ويقول

سبحانه :مَنْ يَتَّقِ اللَّهَ يَجْعَلْ لَهُ مِنْ أَمْرِهِ يُسْرًا [الطلاق:٤] فأبشر بالخير واصبر وصابر والله يعينك.

https://binbaz.org.sa/fatwas/18697/%D9%83%D9%8A%D9%81%D9%8A%D8%A9-%D8%A7%D9%84%D8%AA%D8%AE%D9%84%D8%B5-%D9%85%D9%86-%D8%A7%D9%84%D8%B1%D9%8A%D8%A7%D8%A1-%D9%84%D9%85%D9%86-%D9%8A%D9%82%D8%B9-%D9%81%D9%8A%D9%87-%D8%A8%D8%BA%D9%8A%D8%B1-%D8%A7%D8%B1%D8%A7%D8%AF%D8%AA%D9%87

دخول الرياء على العبادة

]السُّؤَالُ[

-]هل يثاب الإنسان على عمل فيه رياء ثم تغيرت النية أثناء العمل لتكون لله؟ مثلاً لقد أنهيت تلاوة القرآن وداخلني الرياء فإذا قاومت هذه الفكرة بالتفكير في الله هل أنال ثواباً على هذه التلاوة أم أنها تضيع بسبب الرياء؟ حتى لو جاء الرياء بعد انتهاء العمل؟[-

]الْجَوَابُ[

الحمد لله

قال الشيخ ابن عثيمين حفظه الله:

اتصال الرياء بالعبادة على ثلاثة أوجه:

الوجه الأول :أن يكون الباعث على العبادة مراءاة الناس مِن الأصل؛ كمن قام يصلِّي مراءاة الناس، مِن أجل أن يمدحه الناس على صلاته، فهذا مبطل للعبادة.

الوجه الثاني :أن يكون مشاركاً للعبادة في أثنائها، بمعنى :أن يكون الحامل له في أول أمره الإخلاص لله، ثم طرأ الرياء في أثناء العبادة، فهذه العبادة لا تخلو من حالين:

الحال الأولى :أن لا يرتبط أول العبادة بآخرها، فأولُّها صحيح بكل حال، وآخرها باطل.

مثال ذلك :رجل عنده مائة ريال يريد أن يتصدق بها، فتصدق بخمسين منها صدقةً خالصةً، ثم طرأ عليه الرياء في الخمسين الباقية فالأُولى صدقة صحيحة مقبولة، والخمسون الباقية صدقة باطلة لاختلاط الرياء فيها بالإخلاص.

الحال الثانية :أن يرتبط أول العبادة بآخرها: فلا يخلو الإنسان حينئذٍ مِن أمرين:

الأمر الأول :أن يُدافع الرياء ولا يسكن إليه، بل يعرض عنه ويكرهه :فإنه لا يؤثر شيئاً لقوله صلى الله عليه وسلم "إن الله تجاوز عن أمتي ما حدَّثت به أنفسها ما لم تعمل أو تتكلم."

الأمر الثاني :أن يطمئنَّ إلى هذا الرياء ولا يدافعه: فحينئذٍ تبطل جميع العبادة؛ لأن أولها مرتبط بآخرها.

مثال ذلك :أن يبتدئ الصلاة مخلصاً بها لله تعالى، ثم يطرأ عليها الرياء في الركعة الثانية، فتبطل الصلاة كلها لارتباط أولها بآخرها.

الوجه الثالث :أن يطرأ الرياء بعد انتهاء العبادة: فإنه لا يؤثر عليها ولا يبطلها؛ لأنها تمَّت صحيحة فلا تفسد بحدوث الرياء بعد ذلك.

وليس مِن الرياء أن يفرح الإنسان بعلم الناس بعبادته؛ لأن هذا إنما طرأ بعد الفراغ من العبادة.

وليس مِن الرياء أن يُسرَّ الإنسان بفعل الطاعة؛ لأن ذلك دليل إيمانه، قال النبي صلى الله عليه وسلم "مَن سرَّته حسنته وساءته سيئته فذلك المؤمن."

وقد سئل النبي صلى الله عليه وسلم عن ذلك فقال " :تلك عاجل بشرى المؤمن."

"مجموع فتاوى الشيخ ابن عثيمين) " ۲ / ۲۹، ۳۰. (

اٹھائیسواں دن

## ریاکاری کا علاج

انسان ریاکاری سے کیسے بچ سکتا ہے: امام محمد ناصر الدین الألبانی رحمہ اللہ

سائل: شیخ، ریاکاری۔

شیخ: ریاکاری۔

سائل: یعنی کبھی کبھار انسان کے ساتھ ایسے واقعات پیش آتے ہیں کہ انسان خود ہی شک میں پڑ جاتا ہے، ڈرتا ہے کہ کہیں ریاکاری میں مبتلا نہ ہو جائے اور اسے احساس بھی نہ ہو۔ مثلاً، آپ کسی پبلک بس میں بیٹھے ہیں اور

دیکھتے ہیں کہ کوئی شخص قرآن حفظ کر رہا ہے یا بیٹھا قرآن پڑھ رہا ہے، اور سارے لوگ اسے دیکھ رہے ہوتے ہیں۔ بعض لوگ سمجھیں گے کہ یہ دکھاوے کے لیے پڑھ رہا ہے، اور بعض سمجھیں گے کہ وہ واقعی قرآن پڑھ رہا ہے۔ تو اس سلسلے میں کیا صحیح جواب ہوگا؟ اور انسان کیسے مکمل طور پر ریاکاری سے بچ سکتا ہے اور اس بات کا یقین کر سکتا ہے کہ وہ ریاکاری میں نہیں پڑا؟ جزاک اللہ خیراً (اللہ آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے)۔

شیخ: سب سے پہلے، کیا ریاکاری بدنی عمل ہے یا دلی عمل؟

سائل: یہ دل کی کیفیت یا احساس ہوتا ہے۔

شیخ: تو یہ ایک دلی عمل (دل کا عمل) ہے؟

سائل: جی ہاں۔

شیخ: تو پھر دل پر کس کا اختیار ہے؟ وہی شخص جس کا دل ہے۔ اس کا علاج تمہیں ہی کرنا ہے، اور تمہارے اپنے اندر ہی ہے، کیونکہ تمہارا رب جانتا ہے، جیسا کہ قرآن کریم میں فرمایا: "يَعْلَمُ السِّرَّ وَأَخْفَىٰ" [وہ تو ہر ایک پوشیدہ، بلکہ پوشیدہ سے پوشیدہ تر چیز کو بھی بخوبی جانتا ہے۔(سورة طه: ٧)]۔ تو یہ جو شخص لوگوں کی جماعت کی موجودگی میں قرآن پڑھ رہا ہو، یہ وہ واحد یا اکلوتی صورت نہیں ہے جس میں ایک مسلمان کو اپنے اوپر ریاکاری کا خدشہ ہو، بلکہ یہ صورت ہمارے تمام شرعی اعمال میں بار بار پیش آ سکتی ہے۔ اور میں ابھی تم سے یہ کہہ رہا ہوں کہ اس وقت میں اور آپ سب ریاکاری کے خطرے سے دوچار ہیں۔ کیا کوئی یہ کہہ سکتا ہے کہ ایسا نہیں ہے( یعنی وہ ریاکاری سے محفوظ ہے)؟

سائل: نہیں، کوئی نہیں کہہ سکتا۔

شیخ: تو پھر ہم اس کا علاج کیسے کریں؟ اس طرح کہ ہم اللہ سے ڈریں، اللہ کا تقویٰ اختیار کریں، اور اپنے اعمال کو خالصتاً اللہ عزوجل کے لیے کریں۔ پھر ہمیں اس بات کی پروا نہیں کرنی چاہیے کہ لوگ ہمیں دیکھ رہے ہیں اور یہ گمان کر رہے ہیں کہ ہم ریا کے لیے قرآن پڑھ رہے ہیں یا ریا کے لیے علم سکھا رہے ہیں۔ ہمیں لوگوں کی پروا نہیں کرنی چاہیے۔ یہاں تک کہ قدیم دور کے، آج کے دور میں "علمِ سلوک" (یعنی اخلاق اور تربیت وغیرہ کا علم) کے علم کے ماہر علماء میں سے ایک عالم کہتے ہیں کہ ریاکاری میں یہ بھی شامل ہے کہ انسان عبادت کو اس خوف سے چھوڑ دے کہ کہیں وہ ریاکاری میں مبتلا نہ ہو جائے۔ سمجھ میں آیا؟

▶

https://www.youtube.com/watch?v=9YdF8HhOzfY

📜 ریا کاری سے نجات حاصل کرنے کا طریقہ جب انسان غیر ارادی طور پر اس میں مبتلا ہو: امام ابن باز رحمہ اللہ

سوال: ریاض سے سامع (ع. ش) نے سوال بھیجا ہے، جس میں وہ کہتے ہیں: میں پچیس سالہ نوجوان ہوں، دین پر استقامت رکھتا ہوں اور اپنے دینی فرائض ادا کرتا ہوں، الحمدللہ۔ لیکن مجھے ایسا محسوس ہوتا ہے کہ میں اپنی عبادات جیسے نماز وغیرہ میں ریاکاری اور شہرت کی طرف مائل ہو جاتا ہوں، حالانکہ اللہ کی قسم! یہ میرے اختیار کے بغیر ہوتا ہے۔ میں اللہ تعالیٰ سے مسلسل دعا

کرتا ہوں کہ وہ مجھے اس آفت اور آزمائش سے نجات دے، مگر کوئی فائدہ نہیں ہو رہا۔

میرا سوال یہ ہے: کیا میں اللہ کے ساتھ شرک کرنے والا شمار کیا جاؤں گا؟ کیا میں اپنے اعمال کے اندر جان بوجھ کر ریاکاری اور دکھاوا کرنے والوں کے جیسا شمار کیا جاؤں گا؟ یا پھر اللہ تعالیٰ مجھے اس پر مؤاخذہ نہیں کرے گا کیونکہ میرے ارادی کے بغیر ہوتا ہے؟ براہ کرم میرے اس سوال کا جواب دیں اور مجھے اس بلا سے نجات کا راستہ بتائیں۔ اللہ آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے۔

📜 جواب از امام ابن باز رحمہ اللہ: اس میں کوئی شک نہیں کہ ریاکاری ایک بُرائی (ناپسندیدہ عمل) اور شرک ہے اور یہ منافقین کے اعمال میں سے ہے۔ لہٰذا، تم پر واجب ہے کہ اس سے احتیاط برتو، اور اپنی نفس کے خلاف جہاد

کرو یہاں تک کہ تم اس سے چھٹکارا حاصل کر سکو۔ ساتھ ساتھ اللہ تعالیٰ سے دعا کرتے رہو اور عاجزی کے ساتھ التجا کرتے رہو کہ وہ تمہیں اس سے نجات دے۔ مایوس مت ہو، بلکہ مسلسل دعا اور اللہ کے سامنے عاجزی و انکساری کا اظہار کرتے رہو کہ وہ تمہیں توفیق دے اور ہدایت عطا فرمائے تاکہ تم اس برائی کو چھوڑ سکو۔

اپنے نفس کے مقابلے میں جدوجہد کرو اور صبر اور استقامت سے کام لو یہاں تک کہ اللہ تمہیں اس سے محفوظ فرما دے۔ یہ منافقین کی عادات و صفات میں سے ہے، جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

﴿إِنَّ الْمُنَافِقِينَ يُخَادِعُونَ اللَّهَ وَهُوَ خَادِعُهُمْ وَإِذَا قَامُوا إِلَى الصَّلاةِ قَامُوا كُسَالَى يُرَاءُونَ النَّاسَ وَلا يَذْكُرُونَ اللَّهَ إِلَّا قَلِيلًا﴾ [ترجمہ: بے شک منافق اللہ سے چالبازیاں کر رہے ہیں اور وہ انہیں

اس چالبازی کا بدلہ دینے والا ہے اور جب نماز کو کھڑے ہوتے ہیں تو بڑی کاہلی کی حالت میں کھڑے ہوتے ہیں صرف لوگوں کو دکھاتے ہیں، اور یاد الٰہی تو یوں ہی سی برائے نام کرتے ہیں۔ (سورة النساء: ١٤٢)]

اور نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: "شریک بنائے جانے والوں میں سب سے زیادہ میں شراکت سے مستغنی ہوں۔جس شخص نے بھی کوئی عمل کیا اور اس میں میرے ساتھ کسی اور کوشریک کیا تو میں اسے اس کے شرک کے ساتھ اکیلاچھوڑدیتا ہوں۔"

)صحیح مسلم: ٢٩٨٥(

اسی طرح نبی اکرم علیہ الصلاۃ والسلام نے فرمایا:

"کیا میں تمہیں ایسی چیز کی خبر نہ دوں جس کا مجھے تم پر دجال سے بھی زیادہ خوف ہے؟"

ہم نے عرض کیا: بالکل، اے اللہ کے رسول!

آپ ﷺ نے فرمایا:

"وہ چھپا ہوا شرک ہے، (جو یہ ہے) کہ کوئی آدمی نماز ادا کرنے کے لیے کھڑا ہو تو اپنی نماز کو اس لیے سنوارے اور خوبصورت بنائے کہ کوئی شخص اسے دیکھ رہا ہے۔"

)سنن ابن ماجہ: ٤٢٠٤(

لہٰذا، تم اپنی نفس سے جہاد کرو اور خیر کی بشارت سنو! کیونکہ جو شخص جدوجہد کرتا ہے، اللہ اس کی مدد فرماتا ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: ﴿وَالَّذِينَ جَاهَدُوا فِينَا لَنَهْدِيَنَّهُمْ سُبُلَنَا وَإِنَّ اللَّهَ لَمَعَ الْمُحْسِنِينَ﴾

]ترجمہ: "اور جو لوگ ہماری راہ میں مشقتیں برداشت کرتے ہیں ہم انہیں اپنی راہیں ضرور دکھا دیں گے۔ یقیناً اللہ تعالیٰ نیکو کاروں کا ساتھی ہے-" (سورة العنكبوت: ٦٩)[

پس اگر تم اس راستے میں اپنی نفس کے خلاف جہاد کرو گے تو خیر کی بشارت حاصل کرو، اللہ تمہاری مدد کرے گا اور تمہیں سیدھے راستے کی ہدایت دے گا۔ نہ مایوس ہو اور نہ ناامید، صبر اور استقامت سے کام لو اور اپنے رب سے مدد مانگو۔ اور اس خیر کی بشارت حاصل کرو جس کا اللہ نے صادقین (سچوں) اور صبر کرنے والوں سے وعدہ فرمایا ہے۔

اور یہ شرکِ اصغر ہے، شرکِ اکبر نہیں۔ یہ اس کا شمار شرکِ اصغر میں ہوتا ہے، جیسا کہ نبی اکرم ﷺ نے صحابہ کرام سے مخاطب ہوکر فرمایا:

"مجھے تمہارے بارے میں جس چیز کا سب سے زیادہ خوف ہے وہ شرکِ اصغر ہے۔" تو نبی کریم ﷺ کو اس بارے میں پوچھا گیا، جس پر آپ ﷺ نے فرمایا: "ریاکاری۔"

)مسند أحمد: ٢٣٦٣٠, ٢٣٦٣١, ٢٣٦٣٦(

یہ (ریاکاری) تمہارے علاوہ دوسروں کو بھی لاحق ہوئی ہے، جیسا کہ تمہیں ہوئی ہے، لہٰذا تم پر واجب ہے کہ تم صبر کرو اور اللہ تعالیٰ سے عافیت طلب کرو۔

یہ شرکِ اکبر نہیں جو تمام اعمال کو برباد اور ضایع کر دیتا ہے، بلکہ شرکِ اصغر ہے، جو صرف اسی عمل کو ضائع کر دیتا ہے جس کے ساتھ یہ ملا ہوا ہو۔

اگر تم دکھاوے اور ریاکاری کے لیے کوئی نماز ادا کرنے کے لئے کھڑے ہوئے، تو وہ نماز باطل ہو جائے گی جسے آپ نے دکھاوے اور ریاکاری کے لیے ادا کی۔ اگر تم نے ریاکاری اور دکھاوے کے لیے صدقہ دیا، تو اس کا ثواب باطل قرار پائے گا۔ اگر تم نے ریاکاری کے لیے تسبیح کی، ریاکاری کے لیے اللہ کا ذکر کیا، یا ریاکاری کے لیے قرآن پڑھا، تو اس پر تمہیں کوئی ثواب نہیں ملے گا، بلکہ اس پر تمہیں گناہ ملے گا۔

البتہ، اگر تم اس سے بچنے اور محتاط رہنے کے لیے اپنے نفس کے خلاف جہاد کرو گے، تو اللہ تمہاری مدد

کرے گا اور تمہارے معاملات کو آسان بنا دے گا۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: ﴿وَمَنْ يَتَّقِ اللَّهَ يَجْعَلْ لَهُ مَخْرَجًا﴾

]ترجمہ: " اور جو شخص اللہ کا تقوی اختیار کرتا ہے اللہ اس کے لیے چھٹکارے کی شکل نکال دیتا ہے۔" (الطلاق: ٢)[

اور اللہ سبحانہ فرمایا: ﴿مَنْ يَتَّقِ اللَّهَ يَجْعَلْ لَهُ مِنْ أَمْرِهِ يُسْرًا﴾

]ترجمہ: " اور جو شخص اللہ تعالیٰ کا تقوی اختیار کرے گا اللہ اس کے (ہر) کام میں آسانی کر دے گا۔" (الطلاق: ٤)[

پس، آپ خیر کی بشارت حاصل کرو اور صبر و استقامت سے کام لو، اللہ تمہاری مدد کرے گا۔

https://binbaz.org.sa/fatwas/18697/%D9%83%D9%8A%D9%81%D9%8A%D8%A9-%D8%A7%D9%84%D8%AA%D8%AE%D9%84%D8%B5-%D9%85%D9%86-%D8%A7%D9%84%D8%B1%D9%8A%D8%A7%D8%A1-%D9%84%D9%85%D9%86-%D9%8A%D9%82%D8%B9-%D9%81%D9%8A%D9%87-%D8%A8%D8%BA%D9%8A%D8%B1-%D8%A7%D8%B1%D8%A7%D8%AF%D8%AA%D9%87

📃 عبادت میں ریاکاری کے داخل ہونے کی مختلف صورتیں: علامہ محمد بن صالح العثیمین رحمہ اللہ

سوال: کیا انسان کو ایسے عمل پر ثواب دیا جائے گا جس میں (ابتداء میں) ریاکاری ہو، پھر دورانِ عمل نیت بدل جائے اور وہ خالص اللہ کے لیے ہو جائے؟ مثلاً، میں نے قرآن کی تلاوت مکمل کی اور پھر مجھے ریاکاری کا خیال آیا، لیکن میں نے اس خیال کا مقابلہ کرتے ہوئے اللہ کی طرف توجہ مرکوز کر دی، تو کیا مجھے اس تلاوت کا ثواب ملے گا یا ریاکاری کی وجہ سے یہ ضائع ہو جائے

گا؟ چاہے ریاکاری عمل کے مکمل ہونے کے بعد ہی کیوں نہ آئی ہو؟

📜 جواب: شیخ ابن عثیمین رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

عبادت میں ریاکاری کے شامل ہونے کی تین صورتیں ہیں:

پہلی صورت: یہ کہ بنیادی طور پر عبادت کا داعیہ لوگوں کو دکھانا ہی ہو، جیسے کوئی شخص لوگوں کو دکھانے کے لیے نماز ادا کرنے کے لیے کھڑا ہو تاکہ لوگ اس کی نماز کی بناء پر اس کی تعریف کریں، تو یہ عبادت کو باطل کر دیتی ہے۔

دوسری صورت: یہ کہ ریاکاری عبادت کے دوران شامل ہو جائے، یعنی ابتدا میں عبادت کا محرک اللہ کے لیے اخلاص ہو، لیکن پھر دورانِ عبادت اچانک ریاکاری داخل

ہو جائے۔ ایسی صورت میں عبادت دو حالتوں سے خالی نہیں ہوگی:

● پہلی حالت: کہ عبادت کا ابتدائی اور آخری حصہ ایک دوسرے سے مربوط نہ ہوں، تو ابتدائی حصہ ہر حال میں صحیح ہوگا، اور آخری حصہ باطل ہو جائے گا۔

اس کی مثال: ایک شخص کے پاس سو (١٠٠) ریال ہیں اور وہ اسے صدقہ کرنا چاہتا ہے۔ اس نے (ابتدا میں) پچاس (٥٠) ریال خالص (اللہ کی رضا کی) نیت صدقہ کیے، پھر باقی پچاس (٥٠) ریال میں اچانک ریاکاری داخل ہو گئی، تو پہلے (پچاس ریال) کا صدقہ صحیح اور مقبول ہوگا، جبکہ باقی پچاس ریال کا صدقہ اخلاص میں ریاکاری کی آمیزش کی وجہ سے باطل ہو جائے گا۔

● دوسری حالت: کہ عبادت کا ابتدائی اور آخری حصہ آپس میں مربوط ہو، تو اس حالت میں انسان دو میں سے ایک کیفیت میں ہوگا:

◆ پہلی کیفیت: کہ وہ ریاکاری سے مقابلہ کرے، اس کی طرف مائل نہ ہو، بلکہ اس سے اعراض کرے اور اسے ناپسند کرے، تو یہ ریاکاری اسکی عبادت پر کوئی اثر نہیں ڈالے گا، کیونکہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

"بے شک اللہ نے میری امت سے وہ وسوسے معاف کر دیے ہیں جو ان کے دلوں میں آتے ہیں، جب تک کہ وہ ان پر عمل نہ کریں یا انہیں زبان سے نہ ادا نہ کریں۔" (بخاری: ٥٢٦٩)

◆ دوسری کیفیت: کہ وہ اس ریاکاری پر مطمئن ہو جائے اور اس کے خلاف جدوجہد اور مقابلہ نہ کرے، تو اس

کیفیت میں پوری عبادت باطل ہو جائے گی، کیونکہ اس کا ابتدائی اور آخری حصہ ایک دوسرے سے جڑا ہوا ہے۔

اس کی مثال: کہ کوئی شخص خالص اللہ کی رضا کے لیے نماز شروع کرے، لیکن دوسری رکعت میں ریاکاری اچانک داخل ہو جائے (اور وہ اسے قبول کر لے اور اس کا مقابلہ نہ کرے)، تو پوری نماز باطل ہو جائے گی، کیونکہ اس کا ابتدائی حصہ آخری حصے سے مربوط ہے۔

تیسری صورت: کہ عبادت کے مکمل ہونے کے بعد ریاکاری داخل ہو جائے، تو یہ عبادت پر کوئی اثر نہیں ڈالے گا اور نہ ہی اسے باطل کرے گا، کیونکہ عبادت پہلے ہی صحیح طریقے سے مکمل ہو چکی ہے، اس لیے بعد میں پیدا ہونے والا ریا اسے فاسد نہیں کرے گا۔

اور یہ ریاکاری میں شامل نہیں کہ انسان اپنی عبادت کے لوگوں کو معلوم ہونے پر خوش ہو، کیونکہ یہ کیفیت عبادت مکمل ہونے کے بعد طاری ہوتی ہے۔

اور یہ بھی ریا میں شامل نہیں کہ انسان نیکی کے اعمال کرنے پر خوش ہو، کیونکہ یہ اس کے ایمان کی علامت ہے۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

"جسے اس کی نیکی خوش کر دے اور اس کا گناہ اسے پریشان اور غمگین کر دے، وہی مومن ہے۔" (ترمذي: ٢١٦٥)

اسی طرح نبی ﷺ سے اس بارے میں پوچھا گیا، تو آپ ﷺ نے فرمایا:

"یہ مومن کے لیے فوری بشارت ہے۔" (مسلم: ٢٦٤٢)

( 📚 مجموع فتاویٰ الشیخ ابن عثیمین: ٢/٢٩-٣٠)